08/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

حج 2022 کے لیے منتخب عازمین حج کو تربیت دینے والے ٹرینرس کی تربیت کے لیے آئن لائن درخواستیں طلب

لکھنؤ : ۸/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

حج کمیٹی آف انڈیا ممبئی کے ذریعہ حج 2022 کے لیے منتخب ہونے والے عازمین حج کی تربیت کرنے والے ٹرینروں کی تربیت کے لیے آن لائن درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔خواہشمند امیدوار آئن لائن درخواستیں آئندہ 20 دسمبر کو شب میں 11.59 بجے تک ارسال کرسکتے ہیں۔ اس کے لیے خواہشمندر امیدوار حج کمیٹی آف انڈیا کی ویب سائٹ www.hajcommittee.gov.in پر مزید تفصیلات معلوم کرسکتے ہیں اور اسی پر آن لائن درخواست جمع کرسکتے ہیں۔تمام درخواستیں آن لائن کی قبول ہی جائیں گی، دستی یا بذریعہ پوسٹ آف لائن کوئی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔آن لائن درخواست کرتے وقت امیدواروں کو ویب سائٹ پر دستیاب خاکہ بھی اپ لوڈ کرنا لازمی ہوگا۔

ٹرینز کی دخواست دینے والے مرد وخواتین امیدواروں کی عمر 31/دسمبر 2021 کو 25 سے 58 سال کے درمیان ہونا چاہئے۔امیدوار کے خلاف کوئی مجرمانہ رکارڈ نہیں ہونا چاہئے۔کووڈ ویکسین کی دونوں خوراکیں لگی ہونا چاہئے، امیدوار حج کرچکا ہونا چاہئے۔انگریزی، ہندی، اردو و دیگر علاقائی زبانوں میں مہارت ہونا چاہئے۔حج وعمرہ کے ارکان سے بخوبی واقفیت ہونا چاہئے، ذہنی وجسمانی طور پر تندرست ہونا چاہئے۔ مجمع کو مخاطب اور کنٹرول کرنے کا تجربہ ہونا چاہئے۔ کمپیوٹر کی معلومات ہونا چاہئے، تاکہ اطلاعات کا تبادلہ ای-میل، وہاٹس ایپ وغیرہ کے توسط سے باخوبی کرسکے۔اسسٹنٹ حج افسر، حج اسسٹنٹ، میڈیکل افسر، خادم الحجاج کے بطور پہلے حج پر جانے کا تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆